حق پرست عوام شکیل مجتبیٰ کی والدہ کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔24، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم امریکہ ڈیلاس ٹیکساس یونٹ کے کارکن شکیل مجتبیٰ کی والدہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ شکیل مجتبیٰ کی والدہ کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

اے پی ایم ایس او اور شعبہ خواتین کی مشترکہ افطار پارٹی کل بروز جمعرات کوعزیز آباد میں ہوگی

افطار پارٹی سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔24، ستمبر 2008ء آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی مشترکہ افطار پارٹی کل بروز جمعرات کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگی جس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے براہِ ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔تقریب میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ کراچی کے تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات اوراساتذہ کرام بھی شرکت کریں گے۔

پی ٹی سی ایل کے محنت کشوں کے واجبات، بونس اور تنخواہوں کی ادائیگی عیدالفطر سے قبل یقینی بنائی جائے، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔24، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج اور اراکین کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن لمیٹڈ کے محنت کشوں کے واجبات، بونس اور تنخواہوں کی ادائیگی عیدالفطر سے قبل یقینی بنائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ محنت کشوں کوظلم کا نشانہ بنارہی ہے اورانہیں تنخواہوں اوروردی کی مد میں تاخیری حربے استعمال کئے جارہے ہیں جس کے باعث محنت کشوں میں گہری تشویش پائی جارہی ہے جبکہ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ کی جانب سے عید کے موقع پر ہمیشہ کی طرح محنت کشوں کو ملنے والے عید بونس کا ابھی تک اعلان نہیں کیا گیا ہے جس کے باعث محنت کشوں میں گہری تشویش پائی جاتی ہے۔لیبر ڈویژن کے ارکان نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے محنت کشوں کے ساتھ ناروا سلوک کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور عید سے قبل محنت کشوں کے واجبات، بونس اور تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔

ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کی یونٹ کمیٹی کے رکن ضیاء الدین کے بڑے بھائی سعید الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)۔دریں اثناء سعید الدین مرحوم کو یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ فیڈرل بی ایریا بلاک 15 کی جامعہ مسجد اقصیٰ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔

ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر حج درخواستیں جمع کرانے کا سلسلہ شروع ہوگیا

سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ایم کیوایم کی تقلید کرنی چاہئے، درخواست گزاروں کے جذبات

کراچی۔۔۔24، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر حق پرست ارکان پارلیمنٹ کو ملنے والے حج کوٹے کی قرعہ اندازی کے ذریعے عوام الناس میں تقسیم کیلئے خواہشمند افراد کی جانب سے حج درخواستیں جمع کرانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے اور وہ بڑی تعداد میں اپنے اوراپنے عزیز واقارب کی حج درخواستیں جمع کرارہے ہیں۔حج درخواستوں کی وصولی کیلئے نائن زیرو پر چار عدد بکس رکھے گئے ہیں جن میں سے دو عوام الناس کیلئے اور دو ایم کیوایم کے کارکنان کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔حج درخواستیں 26

ستمبر تک جمع کرائی جاسکتی ہیں ۔ حج درخواست جمع کرنے کے بعد قرعہ اندازی کی جائے گی اور خوش نصیب افراد کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا۔اس موقع پر حج درخواستیں جمع کرانے والوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست نمائندوں نے اس مرتبہ بھی اپنا حج کوٹہ عوام الناس کیلئے وقف کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم اقرباء پروری کے بجائے عوام کی بلاامتیاز عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ملک کی دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کو بھی ایم کیوایم کی تقلید کرنی چاہیئے ۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں ۔

☆☆☆☆☆